# 26-09-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت غرباء کو معیاری طبی سہولتیں مہیا کرنے کے اپنے عہد کی پابند ہے۔
☆ ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل کیلئے تلنگانہ حکومت کئی اقدامات کر رہی ہے۔
☆ ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سرکاری ملازمتوں پر تقرر پانے والے انجینئرس سے کہا ہے کہ وہ محنت اور لگن کے ساتھ خدمات انجام دیں۔
☆ ناگر کرنول کے ایم پی ملوروی نے عہدیداروں سے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی اسکیموں کے فوائد دیہی عوام تک پہنچائیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر کونڈا اسریکھا نے سدی پیٹ ضلع کے دوبا کا میں کلیانا لکشمی اور شادی مبارک کے چیکس تقسیم کئے۔اس پروگرام میں رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ اور رکن اسمبلی کے پربھاکر ریڈی نے شرکت کی۔اس موقع پر کونڈا اسریکھا نے کہا کہ حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائے جارہے ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کے فوائد عوام تک پہنچانے کے کام میں سب کو حصہ لینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر استفادہ کنندگان تک ان اسکیموں کے فوائد پہنچنے چاہیے۔

☆☆☆☆☆

ناگر کرنول کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر ملوروی نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ مرکزی حکومت کی اسکیموں کے فوائد دیہی عوام تک بروقت پہنچیں۔ ضلع کلکٹریٹ میں منعقدہ دیشا کمیٹی کے اجلاس سے انہوں نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائی جارہی ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کے فوائد استفادہ کنندگان تک پہنچانے میں تاخیر نامناسب ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل سکیورٹی مشن ، کسان سمان نیدھی ، مدرا یوجنا ، بیٹی بچاؤ ، بیٹی پڑھاؤ ، پردھان منتری آواس یوجنا ، رورل ڈیولپمنٹ گیارنٹی اسکیم ، سوچھ بھارت مشن اور دین دیال اپادھیائے یوجنا جیسی تمیں مرکزی اسکیمیں ایسی ہیں جن سے دیہی علاقوں کے غرباء کا معیار زندگی بہتر ہوسکتا ہے۔ اجلاس میں ارکان اسمبلی ڈاکٹر ومشی کرشنا ، ڈاکٹر راجیش ریڈی ، کلکٹر بداوت سنتوش ، ڈسٹرکٹ فارسٹ آفیسر روہت ، ایڈیشنل کلکٹر سیتا رامار اؤ اور دوسروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کی مسلح جدوجہد کی اہم شخصیت چاکالی ایلماں کو آج ان کے یوم پیدائش کے موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے خراج عقیدت پیش کیا۔ چیف منسٹر نے اپنی قیام گاہ پر چاکالی ایلماں کی تصویر پر پھول چڑھائے۔اس موقع پر حکومت کے مشیر محمد علی شبیر ، رکن اسمبلی سری گنیش اور دوسرے موجود تھے۔ ریاست بھر میں چاکالی ایلماں جینتی تقاریب سرکاری طور پر منعقد کی گئی۔عوامی نمائندوں اور سرکاری عہدیداروں نے پروگراموں میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ چاکالی ایلماں کی زندگی آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے۔حیدرآباد کلکٹریٹ کے علاوہ نلگنڈہ ، ناگر کرنول ، پداپلی ، ورنگل ، جنگاؤں ، سرسلہ ، محبوب آباد ، نرمل ، عادل آباد اور کریم نگر اضلاع میں تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت غرباء کو معیاری طبی سہولتیں مہیا کرنے کے اپنے عہد کی پابند ہے۔حیدرآباد کے ودیا نگر میں درگا رائے دیشمکھ ہاسپٹل میں رینووا کینسر سنٹر کا چیف منسٹر نے افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت کم خرچ پر غرباء کو جدید اور معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ چیف منسٹر نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ کئی افراد کینسر کی وجہ سے موت کا شکار ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جدید طبی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنا کر شرح اموات کو کم کیا جاسکتا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ریاست میں تمام شہریوں کو جلد ہی ڈیجیٹل کارڈ فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ حکومت فلاحی اسکیموں پر عمل آوری کی پابند ہے اور ساتھ ہی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔اس پروگرام میں وزیر صحت دامودر راج نرسمہا اور حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

ناگرکرنول میں سوچھتا ہی سیوا پروگرام کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ضلع کی 464 گرام پنچایتوں اور 4 بلدیات میں یہ پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔طلبہ،خواتین اور نوجوانوں میں صفائی کے تعلق سے بیداری پیدا کی گئی ہے۔اس موقع پر پنچایت راج کے عہدیدار رام موہن راؤ نے آکاش وانی سے بات چیت کرتے ہوئے سوچھتا ہی سیوا پروگرام پر روشنی ڈالی۔

☆☆☆☆☆

ورنگل کی ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیا شاردھا نے کہا ہے کہ سائنس ایگزیبیشن طلبہ میں چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔انہوں نے آج ورنگل میں ضلع کی سطح پر منعقدہ سائنس ایگزیبیشن کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ سائنس کے مضامین طلبہ کو اس انداز میں پڑھائیں کہ وہ آسانی کے ساتھ ان کو سمجھ سکیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے بعض اضلاع میں آج اور کل اوسط تا شدید بارش ہوسکتی ہے۔ان اضلاع میں چالیس تا پچاس کیلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ عادل آباد، آصف آباد، منچر یال ،نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پدا پلی ،ملوگو ،بھوپالا پلی اور کاماریڈی اضلاع میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش بھی ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے تیقن دیا ہے کہ وہ محبوب نگر ضلع کے دیورا کدرا میں ریلوے انڈر بریج کی تعمیر کے لئے کوششیں کریں گی۔انہوں نے آج دیورا کدرا منڈل ہیڈکوارٹر پر بی جے پی کی رکنیت سازی کے پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مقامی عوام کو کئی برسوں سے ریلوے گیٹ پار کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔انہوں نے تیقن دیا کہ وہ جتنی جلد ممکن ہو سکے اس ریلوے انڈر بریج کی تعمیر کو یقینی بنائیں گی۔

☆☆☆☆☆

وزارت اطلاعات ونشریات کے زیر اہتمام پریس انفارمیشن بیورو اور سنٹرل بیورو آف کمیونکیشن نے مشترکہ طور پر نلگنڈہ ضلع ہیڈکوارٹر پر تصویری نمائش کا اہتمام کیا۔جس کو عوام کی جانب سے حوصلہ افزا ردعمل ملا۔پریس انفارمیشن بیورو کے ڈپٹی ڈائرکٹر ڈاکٹر ایم کرشنا کانت نے اس موقع پر کہا کہ اس تصویری نمائش کے ذریعہ عوام کو یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ بہتر صحت کیلئے کونسی غذا استعمال کریں۔ترکاریوں اور پھلوں کے فوائد بھی اس تصویری نمائش کے ذریعہ اجاگر کئے گئے۔تین دن تک جاری رہنے والی اس تصویری نمائش کے ذریعہ حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی ماؤں کو تغذیہ کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

سوریا پیٹ میں آج پوشن ہفتہ پروگرام منعقد کیا گیا۔اس موقع پر ضلع کلکٹر تیجا سندھالال پوار مہمان خصوصی تھے۔انہوں نے کہا کہ حاملہ خواتین اور بچوں میں تغذیہ کی کمی اور صفائی جیسے امور پر بیداری پیدا کی گئی۔انہوں نے آنگن واڑی ورکرس سے کہا کہ وہ نقل مقام کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو موثر خدمات فراہم کریں۔اس پروگرام میں آئی سی ڈی ایس کے عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل کیلئے تلنگانہ حکومت کئی اقدامات کررہی ہے۔بے روزگار نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے اسکیل یونیورسٹی قائم کی گئی ہے۔آنے والے دنوں میں تمام اضلاع میں اسکیل ڈیولپمنٹ کالج قائم کئے جائیں گے۔انہوں نے یوسف گوڑہ میں منعقدہ پروگرام سوچھتا ہی سیوا میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کو سرمایہ کاری کیلئے دنیا کا سب سے زیادہ دلکش مرکز بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد یہ ہے کہ تلنگانہ کے نوجوانوں کو عالمی سطح کی مہارت حاصل ہو جس کے ذریعہ وہ آسانی کے ساتھ ملازمت حاصل کرسکیں۔

☆☆☆☆☆

ورنگل ضلع کی اگریکلچر آفیسر انورادھا نے آکاش وانی کو بتایا کہ ضلع میں وانا کالم فصل کے دوران دھان کی خریدی کے لئے ٹھوس منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ جاریہ سیزن کے دوران دو لاکھ چالیس ہزار میٹرک ٹن دھان خریدی کے مراکز کو لائے جانے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں دھان کی خریدی کے لئے دوسوتین مراکز قائم کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند نے ڈی جے اور پٹاخوں کے استعمال پر آج ایک گول میز کانفرنس منعقد کی۔اس اجلاس میں حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کے پولیس عہدیدار، جی ایچ ایم سی پولیس کمشنر امراپالی، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ انیل کمار یادو، بی جے پی کے ایم ایل اے راجہ سنگھ، ایم آئی ایم کے ارکان اسمبلی، مختلف جماعتوں کے نمائندوں اور مذہبی قائدین نے شرکت کی۔ بعد میں سی وی آنند نے میڈیا کو بتایا کہ تمام شرکاء کے خیالات سے حکومت کو واقف کرایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ کئی تنظیموں نے ڈی جے کو کنٹرول کرنے کی درخواست کی تھی۔انہوں نے کہا کہ اگر ڈی جے کی آواز کو کم نہیں کیا گیا تو انسانوں کی صحت پر مضر اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے نو مقرر کردہ انجینئرس سے کہا ہے کہ وہ ملکشا گنڈم ویشویشوریا کو نمونہ عمل بناتے ہوئے اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں۔نیشنل اکیڈیمی آف کنسٹرکشن میں تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے ذریعہ منتخب 156 آر اینڈ بی انجینئرس کے تربیتی پروگرام سے انہوں نے خطاب کیا۔انہوں نے انجینئرس سے کہا کہ وہ پوری محنت اور لگن سے اپنی خدمات انجام دے کر ریاست کی ترقی میں حصہ لیں۔

☆☆☆☆☆